05-02-2025

نظام المدارس پاکستان
سالانہ امتحان 2025ء

مضمون:	الفقه	کل وقت:	30 منٹ
کلاس:	الشهادة الثانوية الخاصة (السنة الثانية)	کل نمبر:	20

رول نمبر (ہندسوں میں): | | | | | | | رول نمبر (لفظوں میں): ------------------

نام طالبعلم: ______________________________

حصہ معروضی

سوال نمبر 1: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات دیئے گئے ہیں۔ درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ کاٹ کر لکھا ہوا غلط تصور ہو گا۔

1۔ خاصہ دوم کے نصاب میں "الاختیار" کی یہ کتب شامل نصاب ہیں:

(الف) نکاح (ب) طلاق (ج) دونوں (د) دونوں نہیں

2۔ نکاح کا لغوی معنی ہے:

(الف) ضم کرنا (ب) جمع کرنا (ج) دونوں (د) رشتہ کرنا

3۔ حالت توقان میں نکاح کرنا ہے:

(الف) واجب (ب) سنت (ج) مکروہ (د) حرام

4۔ نکاح کے ارکان ہیں:

(الف) دو (ب) تین (ج) چار (د) پانچ

5۔ نکاح اس لفظ سے بھی ہو جاتا ہے:

(الف) تزویج (ب) هبة (ج) صدقة (د) تینوں

6۔ محرکات کی کل اقسام ہیں:

(الف) ۹ (ب) ۱۰ (ج) ۱۱ (د) ۱۲

7۔ حالت حمل میں نکاح کرنا ہے:

(الف) جائز (ب) ناجائز (ج) حرام (د) مکروہ

8۔ ولی کا بچی کی شادی کرنے سے پہلے اس سے اجازت لینا ہے:

(الف) سنت (ب) حرام (ج) مکروہ تحریمی (د) مکروہ تنزیہی

9۔ نکاح کے وقت ان چیزوں میں کفو کا اعتبار ہوتا ہے:

(الف) نسب میں (ب) دین میں (ج) صفت میں (د) تینوں میں

10۔ مہر کی کم از کم مقدار ہے:

(الف) نو درھم (ب) دس درھم (ج) گیارہ درھم (د) بارہ درھم

ورق الٹئے

11۔ غیر مدخولہ کو طلاق دینے کی صورت میں متعہ ہوتا ہے:

(الف) سنت (ب) مباح (ج) مستحب (د) واجب

12۔ امام اعظم کے ہاں مدت رضاعت ہے:

(الف) دوسال (ب) اڑھائی سال (ج) تین سال (د) ساڑھے تین سال

13۔ طلاق کی مشروعیت ثابت ہے:

(الف) قرآن سے (ب) حدیث سے (ج) اجماع سے (د) تینوں سے

14۔ طلاق کی اقسام ہیں:

(الف) 3 (ب) 4 (ج) 5 (د) 6

15۔ حالت حیض میں دی گئی طلاق ہے:

(الف) احسن (ب) حسن (ج) بدعت (د) حرام

16۔ لونڈی کی طلاقیں ہیں:

(الف) 1 (ب) 2 (ج) 3 (د) 4

17۔ اس کی طلاق نہیں ہوتی:

(الف) بچے کی (ب) مکرہ کی (ج) نشے والے کی (د) گونگے کی

18۔ طلاق صریح کی انواع ہیں:

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 5

19۔ الفاظ کنایہ سے یہ طلاق واقع ہوتی ہے:

(الف) رجعی (ب) بائنہ (ج) مغلظہ (د) تینوں

20۔ طلاق رجعی کی صورت میں وطی کرنا ہوتا ہے:

(الف) جائز (ب) حرام (ج) مکروہ تحریمی (د) مکروہ تنزیہی

05-02-2025

نظام المدارس پاکستان
سالانہ امتحان 2025ء

مضمون:	الفقہ	کل وقت:	2:30 گھنٹے
کلاس:	الشہادۃ الثانویۃ الخاصۃ (السنۃ الثانیۃ)	کل نمبر:	80

رول نمبر (ہندسوں میں): | | | | | | | رول نمبر (لفظوں میں): ....

حصہ انشائیہ

سوال نمبر2: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ 2x10=20

1۔ نکاح کا لغوی واصطلاحی معنی تحریر کریں۔
2۔ کتاب الاختیار کے تعارف پر دو لائنیں تحریر کریں۔
3۔ نکاح کرنا کب سنت، کب واجب اور کب مکروہ ہے؟ واضح کریں۔
4۔ "وینعقد بلفظین ماضیین او بلفظین احدھما ماض والآخر مستقبل" ترجمہ کریں۔
5۔ محرمات سے کیا مراد ہے؟ کسی پانچ کے نام تحریر کریں۔
6۔ محرمات بالقرابہ کی کتنی اقسام ہیں؟ چار کے نام تحریر کریں۔
7۔ اگر ایک نکاح میں دو بہنوں کے ساتھ اکٹھے نکاح کیا مگر معلوم نہیں کہ پہلے کس سے ہے تو کیا حکم ہو گا؟ وضاحت کریں۔
8۔ مجوسی اور وثنیات سے نکاح کا کیا حکم ہے؟ مع دلیل تحریر کریں۔
9۔ "وعبارۃ النساء معتبر فی النکاح" اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔
10۔ کفو سے کیا مراد ہے؟ وضاحت کریں۔
11۔ "ومن لہ اب فی الاسلام اولحریۃ لایکافی من لہ ابوان" ترجمہ کریں۔
12۔ اگر دس درھم سے کم مہر مقرر کیا گیا تو کیا حکم ہو ہے؟ کتنا مہر واجب ہو گا؟

سوال نمبر3: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ 2x10=20

1۔ متعہ سے کیا مراد ہے؟ تحریر کریں۔
2۔ "ولا یجوز نکاح المرتد والمرتدۃ" اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔
3۔ رضاعت کا لغوی اور اصطلاحی معنی تحریر کریں۔
4۔ "یحرم من الرضاعۃ مایحرم من النسب" اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔
5۔ طلاق کا لغوی اور اصطلاحی معنی لکھیں۔
6۔ "ابغض المباحات الی اللہ الطلاق" اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔
7۔ اگر مدخول بھا کو "انت طالق ثلاثۃ للسنۃ" کہا تو طلاق کیسے واقع ہو گی؟
8۔ "صریح الطلاق لایحتاج الی نیۃ" اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔
9۔ الفاظ کنایہ سے کب طلاق واقع ہو گی؟ وضاحت کریں۔
10۔ وہ کونسے الفاظ کنایہ ہیں؟ جن سے طلاق رجعی واقع ہوتی ہے۔ تحریر کریں۔
11۔ اگر کوئی بیوی سے "انت طالق ان شاء اللہ" کہے تو کیا حکم ہے؟ وضاحت کریں۔
12۔ ایلاء کا لغوی اور اصطلاحی معنی تحریر کریں۔

تفصیلی سوالات

سوال نمبر4: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے تفصیلی جوابات تحریر کریں۔ 10x2=20

i. "ولا ینعقد نکاح المسلمین الا بحضور رجلین او رجل و امراتین ولا بد فی الشھود من صفت الحریۃ و الاسلام و لا تشترط العدالۃ"

(الف) عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ لکھیں۔

(ب) کیا اندھوں اور محدود فی القذف کی گواہی کے ساتھ نکاح منعقد ہو جاتا ہے یا نہیں؟ دلائل کے ساتھ تفصیلاً تحریر کریں۔

ii. "ویجوز ان یتزوج المحرم حالۃ الاحرام ونکاح المتعۃ والنکاح المؤقت باطل"

(الف) عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔

(ب) نکاح متعہ اور نکاح مؤقت کیوں باطل ہیں؟ مع دلائل تفصیلاً تحریر کریں۔

ورق الٹئے

iii. "فان تزوجها علی خمر او خنزیر او علی هذا الان من الخل فاذا هو خمر او علی هذا العبد فاذا هو حر او علی خدمته سنة او تعلیم القرآن جاز النکاح ولها مهر المثل" اعراب لگا کر ترجمہ اور تشریح کریں۔

سوال نمبر 5: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے تفصیلی جوابات تحریر کریں۔ 10x2=20

i. "وهو علی ثلاثة اوجه احسن وحسن وبدعی" عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔ نیز طلاق احسن، حسن اور بدعت کی تعریفات مع امثلہ تحریر کریں۔

ii. "و طلاق غیر المدخول بها حالة الحیض لیس بدعی و اذا طلق امراته حالة الحیض فعلیه ان یراجعها فاذا طهرت فان شاء طلقها و ان شاء امسکها" عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔ نیز تشریح اس انداز سے کریں کہ مصنف کی غرض واضح ہو جائے۔

iii. "وهو ان تفتدی المراة نفسها بمال لیخلعها به فاذا فعلا لزمها المال و وقعت تطلیقة بائنة ویکره ان یاخذ منها شیئا ان کان هو الناشز وان کانت هی الناشزة کره له ان یاخذ اکثر مما اعطاها" عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ اور تشریح کریں۔